# VERBATIM REPORT

## SESSION THREE

### Friday, September 19, 2009

## CONTENTS


1. Recitation of the Holy Quran.
2. Calling Attention Notice
3. Resolutions
4. Motions

The Youth Parliament of Pakistan met in the Margala Hotel, Islamabad, on 19th September, 2008 at fifty minutes past nine in the morning with Mr. Speaker (Mr. Wazir Ahmed Jogezai) in the Chair.

…………………

*(Recitation from the Holy Quran)*

…………………

**Mr. Aurangzeb Marri:** Point of Order, Mr. Speaker.

جناب سپیکر: جی۔ نہیں، نہیں، point of order تو اس طریقے سے نہیں ہوگا۔ ایک point of order لوں گا اور اس کے بعد presence لیتے ہیں۔

**Mr. Aurangzeb Marri:** Honourable Speaker, I seek your ruling on the following:-

I stand here today sadly disillusioned by the government that it has gone back on his words and by the secretariat that openly professes its leaning towards the blue party. I stand here today when the honourable Prime Minister has gone back on his words with us to give us the Chairpersonship of Standing Committees of our choosing.

**Mr. Speaker:** O.K. you will take your grievances later. This is not point or order. Thank you. No, this is no point of order. The Cabinet has not yet even taken its oath after that when the Cabinet takes oath and the next day, you have your grievances. Right now there is no ground for your grievances. O.K. sit down we will take it later on. We have an oath to three honourable members those who were unable to take their oaths.

ہے کوئی تین ممبر صاحبان جنہوں نے کل اوتھ نہیں لیا۔ وہ kindly اپنا اوتھ لے لیں۔ آپ کے پاس ہے اوتھ کی کاپی۔

**Honourable Members:** Yes sir.

*(Three Members have taken their Oath)*

**Mr. Speaker:** Now, the second item is oath to the Cabinet. Mr. Prime Minister your Cabinet is going to take oath.

*(Five Cabinet Members have taken their Oath)*

**Mr. Speaker:** Honourable Prime Minister sahib, would you kindly introduce your Cabinet with their portfolios.

**جناب احمد علی بابر** ( وزیر اعظم): جناب سپیکر، ہمارے انفارمیشن منسٹر جو ہیں وہ sick leave پر ہیں۔ وہ بعد میں اوتھ لیں گے۔باقی پانچ نے ابھی اوتھ لیا ہے۔ ہمارے ہاں Foreign Affairs and Defence کے منسٹر ہیں مسٹر ثمیر انور بٹ صاحب، Law, Parliamentary Affairs and Human Rights کے منسٹر ہیں محمد رفیق وسان صاحب، Culture Sports and Youth Affairs کے منسٹر ہیں مدثر حبیب صاحب، Education, Health and Environment کے منسٹر ہیں ضمیر احمد ملک صاحب اور Finance, Planning Affairs and Economicsکی منسٹر ہیں ام عمارہ حکمت صاحبہ۔

**Mr. Speaker:** That is their's portfolios.

**جناب احمد علی بابر** ( وزیر اعظم): جی۔

**Mr. Speaker:** O.K. Thank you. We have yet to have an expression to your Cabinet. Before we proceed on to the Agenda the

panel of the Presiding Officers, in case, I am not here or the Deputy Speaker is not here then we have panel of Chairmen, Mr. Waqar Nayyar, Miss Maria Ishaq, Gul Bano and Syed Mohsin Raza. Now, in the regular Agenda Calling Attention Notice, Mr. Auragzeb Marri sahib.

**Mr. Aurangzeb Marri:** Mr. Speaker, Sir, on a point of order, I would like to speak on something before the proceedings begin because this is very important for our whole party sir.

**Mr. Speaker:** O.K. let us see.

**Mr. Aurangzeb Marri:** Honourable Speaker, I seek your ruling on the following:-

I stand here today sadly disillusioned by Government that it has gone back on his word Mr. Speaker and by Secretariat that openly professes its leaning towards the blue party. I stand here today when the honourable Prime Minister has gone back on his commitment made with us to give us the Chairpersonship of Standing Committee of our choosing and when those who should rise to non-partisan confessed to the sin of partiality. A partiality that the honourable Deputy Speaker is witness too. I stand I stand Mr. Speaker, because I believe in you, I believe in you as the custodian of this august House as the protector of the rights of the minority. Standing Committee is a source of accountability through Government all over the world and important Committees including the Public Accounts Committee the most important of them all. I chaired by Opposition members. When the Prime Minister promised to give us Chairpersonship of the Committees of our choice we believe them perhaps that was our

mistake. We should have known better. Perhaps they need Chairpersonship a lot more they we do, perhaps they don't want any Opposition on accountability why else, the representatives of the Secretariat, side with them and citing ideological commonalities but let it be known Mr. Speaker, that this Government is pushing us to the wall. That we the minority are being trampled over or rights ignored. At the time when the Prime Minister has not choose to on his words, we beseech you sir, to do that he honours his commitment or all Standing Committees can be chaired by the Government and the Opposition which is obviously neither needed nor wanted can be retired Mr. Speaker.

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجائے)

**Mr. Speaker:** Thank you. Yes, Prime Minister.

**جناب احمد علی بابر** (وزیر اعظم): جناب سپیکر! مجھے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ نہ صرف ایوان میں disinformation پھیلائی جا رہی ہے بلکہ انہوں نے اپنی پارٹی کو بھی صحیح صورتحال سے آگاہ نہیں کیا اور نہ ہی ان کو قانون کے بارے میں بتایا ہے۔ میں یہاں پر toitoi speech نہیں کروں گا تھوڑی قانون کی بات کر دوں کہ یہ Prime Minister کی jurisdiction ہے کہ وہ اپوزیشن کو کونسی Standing Committee کی chairدیتا ہے۔ اس معاملہ کے اوپر انہوں نے اپنی پارٹی کو اندھیرے میں رکھا ہے اور ان کو صحیح بات نہیں بتائی۔ یہاں پر میں ایک اور بات کا بھی اضافہ کردوں کہ انہوں نے accountability کی بات ہے کہ جو Finance کی chair ہوتی ہے وہ اپوزیشن کے پاس ہوتی ہے تو وہ Chairان کے پاس ہے اور اس کے بعد Information کی Chair جو سب سے importantہوتی ہے آپ کےaccountability کے اندر وہ بھی ہم نے اپوزیشن کو دی ہے۔ وہ Chair انہوں نے نہیں مانگی تھی لیکن پھر بھی ہم نے ان کو دی ہے تاکہ accountability اور check and balance کا نظام برقرار رہے۔ According to Law یہ Prime Minister

کیjurisdiction ہے لیکن ہم نے پھر بھی ان کو وہ Chairs دیے ہیں تاکہ accountability کا نظام اس ایوان میں برقرار رہے۔ بہت شکریہ۔

**جناب سپیکر:** جی جناب۔

**جناب اورنگزیب مری:** جناب سپیکر صاحب! میں مانتا ہوں کہ انہوں نے ہمیں دی ہیں لیکن فنانس کی تو میں نے بات کی نہیں ہے۔ میں نے توCommittee Public Accounts کی بات کی ہے۔ And that is one of the most important Committees as honourable Speaker sahib, آپ کو پتا ہوگا۔ جناب سپیکر! میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے ہمیں جو دیے ہیں وہ غلط ہیں لیکن جناب سپیکر جس پر ہماری بات ہوئی تھی جس پر ہمیں commit کیا گیا تھا ایک کمیٹی کے سامنے اور میں ڈپٹی سپیکر صاحبہ کو call on کرنا چاہوں گا کیونکہ وہ witness تھی اس کے اوپر۔ ان کی consent کے ساتھ یہ ہوا تھا کہ ہمیں ہماری مرضی کی Standing Committees دی جائے گی۔

**جناب سپیکر:** بات صحیح ہے۔ ایک تو بات یہ ہے کہ ہمارےاس پارلیمنٹ میں اور اس گورنمنٹ کے پاس Public Accounts Committee ہے ہی نہیں۔

**جناب اورنگزیب مری:** وہ میں ایک مثال دے رہا ہوں آپ کو۔

**جناب سپیکر:** نہیں، مثال آپ کو وہی دینا چاہیے تھا جو آپ کے پاس ہے۔ جو آپ کو مل گئی ہے وہ مل گئی ہے۔ Public Accounts Committeeہے ہی نہیں۔ تو وہ آپ کو کیسے ملے گی۔

**جناب اورنگزیب مری:** جناب سپیکر! ہم وہ مانگ نہیں رہے ہیں۔ میں نے صرف یہاں پر ایک مثال دیا۔

**جناب سپیکر:** تو بہرحال آپ کو جو مل گئی ہے وہ مل گئ ہے۔ باقی اس کے بعد انشاءاللہ گورنمنٹ چلے گی۔

They will be very considerate to you.

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجا دیے)

**Mr. Muhammad Essam Rehmani** (Opposition Leader: Mr. Speaker, this is absolutely very unethical of the Prime Minister. He is not being unethical but he is also disagreeing with his speech that he did yesterday and to the part when he says that I have not noticed the particular thing.

**Mr. Speaker:** I don't like to defend the Cabinet or the Prime Minister but it is too early for levelling an allegation of this nature. Thank you, honourable Rehmani sahib. Yes please.

**جناب نیاز محمد:** جناب! ایک چھوٹی سی گزارش ہے کہ اس ایوان میں جب کل ہم آئے اور ہم سب نے وزیر اعظم صاحب کو ان کے عہدے کی مبارکباد دی تو ہم نے ساتھ ہی ایک امید کا اظہار کیا تھا کہ ہم اکھٹے مل کر چلیں۔ ہم ایک دوسرے کو accommodate کریں اور ایک constructive manner کے ساتھ اس پارلیمنٹ کو آگے لے کر جائیں۔ ہماری یہ خواہش تھی اور کل تک وزیر اعظم صاحب کا جو بیان تھا وہ بھی اسی کے ساتھ ساتھ تھا۔ کل ہمارے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ 6 میں سے 2 چیئرمین شپس Opposition کو دی جائیں گی Opposition کی مرضی کی۔ اس میں ہم لوگوں کو اعتراض نہیں ہے۔ یہ بالکل وزیراعظم صاحب کی discretion ہے اور یہ ان کا right ہے لیکن ہمارے نزدیک زبان کی ایک اہمیت ہے۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجا دیے)

جناب سپیکر! ہم یہاں پر پارٹی بازی مچانے یا ہم یہاں پر سیٹوں کی لالچ میں نہیں آئے ہوئے ہیں۔ اگر ہمیں سیٹوں کی لالچ ہوتی تو ہم لوگ یہاں پر بہت differentانداز سے behaveکررہے ہوتے۔ ہم لوگ ایسی لئے یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمیں نہ اپنی پارٹی کو بچانے کے لئے یہ سیٹیں چاہییں۔ ہم متحد ہیں،ہم ایک پارٹی ہیں اور ہم ایک نظریے پر ہیں۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجا دیے)

لیکن ہماری آپ سے گزارش صرف یہ ہے کہ ایوان کی ابتداء ہے۔ ہم نے ایک سال ساتھ چلنا ہے۔ اگر پہلے دن سے ہی ہم اپنے وعدوں پر اور اپنی باتوں پر قائم نہیں رہیں گے جس کی ڈپٹی سپیکر صاحبہ گواہ ہیں۔ اگر ہم اس چیز پر نہیں چلیں گے۔ ایک اصول پر نہیں چلیں گے۔ تو جناب سپیکر ہم کہیں نہیں پہنچ سکتے۔ ہم آگے کس طرح کام کریں گے۔ یہ تو ابتداء ہے۔

**جناب سپیکر:** نہیں، انشاء اللہ آپ آگے بڑھیں گے۔

**جناب محمد عصام رحمانی** (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر! یہ جو Prime Ministerنے ہمارے ساتھ کیا ہے۔ اس پر ایک قطعہ مجھے یاد آ رہا ہے۔ ایک شاعر نے فرمایا ہے۔

جرم سقراط سے ہٹ کر نہ سزا دو ہم کو
زہر رکھا ہے تو یہی آب بقا دو ہم کو
ہم حقیقت ہیں تو تسلیم نہ کرنے کا سبب
ہاں اگر حرف غلط ہے تو مٹا دو ہم کو

دیکھیں جناب! اگر آپ نے ہسٹری کو repeatہی کرنا تھا اور اگر آپ نے وہی کام کرنے ہیں جوکہ ہماری پارلیمان 60سالوں سے کرتی آ رہی ہے تو Youth Parliamentبنانے کا مقصد کیا تھا؟ آپ نے اپنی wordsکو back outکرکے آپ نے ہسٹری کو repeatکر دیا۔ ہم تو یہاں پر ایک نئی تاریخ رقم کرنے آئے تھے۔ تاریخ دہرانے ہم نہیں آئے ہیں۔ اگر ہم نے تاریخ دہرانی تھی تو وہی conventionalطریقہ

adoptکریں۔ ٹھیک ہے، میں اپنی effortsکروں، کل میرا پوتا آ کر MNAبن جائے گا۔ dynastic politicsکو میں follow upکروں۔ ایک اور بات یہ ہے کہ ابھی تک تو کوئی ایجنڈا ہی نہیں جیساکہ بلال صاحب نے کہا ہے کہ کوئی ایجنڈا نہیں ملنا ہے کچھ بھی نہیں ملنا ہے۔ ابھی سے اگر اتنی maneuveringہے تو کل کو یہ کیا کریں گے۔

**Mr. Speaker:** Let us first here the Government point of view.

**ایک معزز وزیر:** جناب سپیکر! اصل میں ہمارے اپوزیشن کے اراکین ایک عرصے سے dictatorshipکے underرہے ہیں۔ پاکستان میں dictatorshipرہی ہے تو انہیں جمہوری روایات کا ابھی تک علم نہیں ہے۔ ہمارے Prime Ministerایک mandateلے کر آئے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ اس mandateکا احترام کریں۔ ہم نے ان سے ووٹ نہیں مانگا تھا یہ ہمیں mandateملا ہے۔ یہ mandateلے کر آئے ہیں۔ جو دو کمیٹیاں ہم نے انہیں دی ہیں اور اچھی دی ہیں۔ ان کو چاہیے کہ آپ Prime Ministerہیں۔ آپ Ministerہیں۔ ہم آپ کے لوگ ہیں کوئی چور دروازوں سے نہیں آئے ہیں۔ بجائے اس کے کہ آپ ہمارے لوگوں کو supportکریں۔ آپ نے ٹانگیں کھینچنا شروع کردی۔ آپ روایتی اپوزیشن بن گئے۔ ایسا کرنے سے آپ کی گاڑیوں پر کوئی جھنڈا نہیں لگے گا۔ ہم Ministerنہیں ہیں بلکہ آپ ہی Ministerہیں اور آپ Prime Ministerہیں۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ کوئی بھی issueلائیں گے۔ ہم اس کی مخالفت نہیں کریں گے۔ ہم اس issueکو دیکھیں گے کہ وہ پاکستان کے مفاد میں ہے یا نہیں ہے۔ تو لہٰذا آپ ان چکروں میں نہ پڑیں۔ نہ آپ کی گاڑیوں پر کوئی جھنڈا لگے گا۔ تو میں آپ سے requestکرتا ہوں کہ اس ایوان کو ایک جمہوری انداز سے چلنے دیا جائے۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔

**جناب سپیکر:** رحمانی صاحب۔

**جناب محمد عصام رحمانی:** جناب سپیکر! یہ بہت اچھی اچھی باتیں کر رہے ہیں لیکن ان کو پتہ ہونا چاہیے کہ as a Governmentاگر انہوں نے اس ایوان چلانا ہےتو rights of minoritiesکو sideline نہیں کر سکتے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

یا تو as a Government یہ پھر اس چیز کا holdلے لیں کہ جب انہوں نے کل میٹنگ کی اور ڈپٹی سپیکر کی موجودگی میں یہ بات ہوئی تو پھر تو یا یہ کہہ دیں کہ یہ قرآن و حدیث نہیں ہے اور یا پھر اس بات کو مان لیں کہ جو انہوں نے زبان دی تھی اسی کے حوالے سے یہ Houseکو آگے چلا لیں۔ اگر شروع میں credibilityکا یہ عالم ہے تو پھر آگے اس کا کیا بنے گا؟ اس میں شکوک و شبہات ہیں۔ اگر انہوں نے ہمیں Standing Committeesکی چیئرمین شپ دینی ہے تو یہ ضرور اس طرح کریں اگر نہیں دینی ہے تو ہم full fledge Oppositionکا کردار ادا کرینے کے لئے متحد ہیں۔

**Mr. Speaker:** You have every right to behave like an Opposition.

جی آپ کاpoint of order ہے۔

**ایک معزز رکن:** جناب سپیکر! آج کا دن نہ صرف ہمارے لئے، اس ایوان کے لئے، ہماری پوری جمہوریت کے لئےاور خاص طور پر ہمارے blue partyکے دوستوں کے liberalism کے ideasکے لئے بہت ہی شرم ناک ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

ان کی روشن خیالی، برداشت اور supportedتعاون کے بلند و باغ دعووں کا پول کھل چکا ہے۔ کل تک جو لوگ اس فلور کے اوپر برابری کا، برداشت کااور fair-play کی یقین دہانیاں کرا رہے تھے اور وعظ دے رہے تھے آج وہی لوگ وعدہ خلافی کے مرتکب ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر! قائد ایوان صاحب ہمارے لئے بے شک قابل احترام ہیں لیکن ان کی اس طرح کی وعدہ خلافیاں اور وعدہ کرنے کے بعد مکر جانا اور اس طرح کے طریقہ کار اختیار کرنا نہ صرف ان کی credibilityپر بلکہ ان کی پارٹی کی جمہوری سوچ کے اوپر بھی ایک دھبہ ہے۔ جیساکہ میرے محترم منسٹر نے عرض کیا کہ ہم 8سال کے dictatorshipکے بعد جمہوری عمل میں داخل ہو رہے ہیں تو شاید ان 8سالوں نے ان کے جمہوری سوچ کے اوپر بھی تالے عائد کر دیے ہیں جو ان کو اصول سے-----

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

اور اصولی سیاست سے منحرف ہونے پر مجبور کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! ہم لوگ کسی کرسی کے بھوکے نہیں ہیں، کسی عہدے کے بھوکے نہیں ہیں۔ ہمیں نہ کوئی عہدہ چاہیے اور نہ کرسی چاہیے۔

We are standing on a ground on the basis of principle and principle only.

اگر آج Prime Minister sahib اور ان کی Cabinet اور ان کی پارٹی جو ہے وہ ایک Standing Committee کی چیئرپرسن، ایک چھوٹے سے عہدے پر اپنے وعدے سے مکر سکتے ہیں تو باقی کیا guarantee ہے کہ جب اس ایوان کے سامنے اس سے بھی بڑے اور گھمبیر مسائل سامنے آئیں گے تو یہ اپنی بات سے نہیں مکریں گے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

**ایک معزز وزیر:** جناب سپیکر! میں تمام meetings میں موجود تھا اور اپوزیشن کے جو لیڈر ہیں وہ ہمارے Prime Minister کے پاس آئے اور انہوں نے یہ کہا تھا کہ میری پارٹی ٹوٹ رہی ہے میری مدد کرو اور یہ صرف ایک تجویز تھی۔ یہ کمیٹیاں دینے کی تجویز تھی۔ ہم لوگوں نے ایک idea تھا اس کو put forward کیا اور اس پر debate ہوئی لیکن ایسی کوئی Prime Minister نے commitment نہیں دی تھی۔ جو دو کمیٹیاں انہوں نے دی ہیں یہ اس commitment سے بڑھ کر دی ہیں۔ ایک اور بات میں یہ کہنا چاہوں گا کہ it is very unfortunate کہ پہلے سیشن میں اس قسم کے personal attack کئے جا رہے ہیں۔ یہ میں بہت صاف صاف طریقے سے کہنا چاہتا ہوں کہ تمام Cabinet of Blue party Prime Minister کو full support کر رہی ہے اور majority ابھی بھی ان کے پاس ہے۔ اس سارے mandate کو respect دی جائے۔ .Thank you very much

**جناب سپیکر:** .Now let's get over this one نہیں، point of orders بہت ہو گئے ہیں۔ میں آپ کو ruling دے رہا ہوں۔ جہاں تک جمہوریت کا تعلق ہے، یہی

احساس ہے اور آپ demandکریں گے، اپوزیشن کا حق ہے۔ آپ opposeکریں، constructive oppositionکریں۔ Governmentکی اپنی مجبوریاں ہوتی ہیں۔ اول تو اس Houseمیں اکاؤنٹ کمیٹی ہے ہی نہیں، جس کا آپ نے ذکر کیا۔ نہیں ہے۔ دو کمیٹیاں آپ کو ملی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک دو باتیں آپ کو یہاں پر نہیں کرنی چاہیے اور وہ ہم یہاں expungeبھی کریں گے۔ ایک ڈپٹی سپیکر کا witnessاور دوسرا سیکرٹریٹ کو involveکرنا۔ سیکرٹریٹ کبھی بھی نہ گورنمنٹ کی ہوتی ہے اور نہ وہ اپوزیشن کی ہوتی ہے، وہ Houseکی ہوتی ہے۔ اس لئے سیکرٹریٹ کو آپ involveنہ کریں، نہ اس کو malignکریں گے اور نہ ہی سپیکر کو آپ witnessکے طور پر استعمال کریں گے۔ آپ اپنی باتیں کریں اور کرتے رہیں لیکن حکومت کی اپنی مجبوری ہوتی ہے اور Prime Ministerکی اپنی discretionہیں جو وہ کرنا چاہیے، اپوزیشن کا حق ہے وہ آپ کرتے رہیں گے۔ اس pointکو میرے خیال میں اسی پر چھوڑ دیں۔ اب ہم ایک نئےمنسٹر صاحب کا اوتھ لے رہے ہیں۔ چلو آپ پڑھ لیں۔

*(A Cabinet Member has taken his Oath)*

**جناب سپیکر:** اورنگزیب مری صاحب! آپ کا ایک Calling Attention Noticeہے۔

**جناب اورنگزیب مری:** جناب سپیکر! میرے Calling Attentionسے پہلے میں چاہوں گا کہ ہمارے معزز اوپوزیشن لیڈر کچھ بولنا چاہتے ہیں، اگر ان کی یہ آخری بات آپ سن لیں۔

**جناب سپیکر:** جی رحمانی صاحب! سنائیں۔

**Mr. Mohammad Essam Rehmani:** Sir, I believe the remarks that were made by the Secretariat were bending towards the Blue party.

میرے حساب سے اگر آپ لوگوں کو اتنا ہی ڈر ہے ہمارے Standing Committeeکے Chairکرنے کا جو منسٹری سے ہم لوگ کہہ رہے ہیں۔ تو

We might as well become a part of the full-fledged Opposition and they can have all the Standing Committees with them.

**جناب سپیکر:** میں نے اس پر رولنگ دے دی ہے۔ اس کے بعد یہ بات کل کریں گے۔ جی اورنگزیب مری صاحب۔

جناب اورنگزیب مری: جناب سپیکر! میرا Calling Attention Noticeہے۔

As Mr. Speaker, you are aware of the discrimination and brutality that has been shown in Balochistan, women have been buried alive. We want to call attention of the House to this incident. The Government should put a deep investigation in a proactive and satisfactory manner. So, that these issues are dealt with properly and these things do not occur again within the four provinces of our country. And I would like some one from the Government to be held accountable or to speak on this matter as it is a very important matter that is why I have called the attention of the House. Thank you Mr. Speaker.

**جناب سپیکر:** جی،

Mr. Prime Minister, This Calling Attention Notice would you like to address it yourself or are you deputing one of your Minister?

**جناب احمد علی بابر** (وزیر اعظم): جناب سپیکر! جہاں تک اس Calling Attention Noticeکا تعلق ہے، یہ سب ہمیں معلوم ہے کہ وہاں پر اس طرح کی زیادتی کی گئی ہے تو ہم being a Government ruling partyاس بات کی پرزور حمایت کرتے ہیں کہ اس پر ایک independent tribunalتشکیل دیا جائے۔

جناب! ہم اس بات کی پرزور حمایت کرتے ہیں کہ وہاں پر ایک independent tribunalقائم کیا جائے جو اس معاملے کی تحقیقات کرے اور اس امر کے کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچائے اور ان کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے۔ گورنمنٹ کی یہ روایت پہلے بھی رہی ہے کہ ہم tribunalکو بناتے ہیں لیکن جب ان

کے فیصلے آتے ہیں تو کچھ عرصہ بعد وہ casesدب جاتے ہیں اور یہ معاملات ایسے ہی رہ جاتے ہیں۔ تو ہم بطور Youth Parliament Memberکے اس بات کی توقع کریں گے اور اس بات پر اپنی گورنمنٹ کو pushکرنے کی کوشش کریں گے کہ وہ اس tribunalکے فیصلے کو implementکرکے دکھائیں تاکہ جس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اس کو اس کا حق مل سکے۔ .Thank you sir

**جناب محمد عصام رحمانی:** جناب! منسٹر صاحب سے چھوٹی سی گزارش ہے کہ یہ tribunal جس کے لئے آپ callکر رہے ہیں یہ تو پہلے سے بن چکا ہے اور یہ اس وقت کام کر رہا ہے۔ ہم تو یہ کہہ رہے ہیں کہ اس کے آگے آپ کے کیا stepsہیں کیونکہ اس وقت ہم دیکھ رہے ہیں کہ بلوچستان میں جو situationہے اس پر شاید تھوڑا سا آپ کو بتانا پڑے کہ اس وقت پولیس کا roleوہاں پر بہت controversialہوا ہے۔ اس وقت ہمارے sitting Ministersکا roleوہاں پر بہت controversialہوا ہے۔ تو ہماری صرف یہ نہیں ہے کہ ہم یہاں پر صرف باتوں سے کام چلائیں کہ ایک tribunalبنا دیا جائے۔ Tribunalتو جناب پہلے سے بنا ہوا ہے۔ ہم تو یہ کہہ رہے ہیں کہ اس tribunalکے بننے کے بعد اب یہ جو controversial charactersہیں ان کے ساتھ کیسے نمٹا جائے۔ کس طرح پولیس کو صحیح طریقے سے کام کروایا جائےاور جس طرح منسٹر کا roleہے اس کو صحیح طریقے سے گائیڈ کیا جائے۔

Mr. Minister! Please give us some idea of the Government stand on this.

**جناب سپیکر:** جی۔

**جناب محمد رفیق وسان** (وزیر برائے قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! یہ issueمیرے jurisdiction میں آتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ میرے دوستوں نے بلوچستان میں خواتین کے حقوق کا جو ذکر کیا ہے یہ بہت serious issueہے۔ میں بطور وزیر اس پر یہ کہنا چاہوں گا کہ جو بھی اس طرح کے traditionکے نام پر یا cultureکے نام پر جو anti women attitudes ہیں یا anti women costumesہیں ہم انہیں بالکل condemnکرتے ہیں۔ ہم اس میں بھرپور کوشش کریں گے کہ ہم اس issueکو ہمارے جو Information

Ministerہیں یا اس طرح کی Press release Youth Parliamentکے اس فلور سے نکال لیں اور وہ circulateکریں different forumsپر اور especiallyہم اپنی Blue partyبلکہ ہم اپوزیشن کے دوستوں سے رابطہ کرکے ایک کمیٹی بھی تشکیل دے سکتے ہیں جو اس issueکو ہمارے جو concerned stakeholdersہیں like, Women's Ministry, Women development departmentہے، ہماری جو Federal Ministryہے Womenکی یا ہماری جو Provincial Ministryہے Women developmentکی ان کو بھی ہم consultکر سکتے ہیں، اور ان کے ساتھ بھی communicateکر سکتے ہیں کہ وہ کیا کر سکتے ہیں اس میں۔ تو ہم یہ کمیٹی بھی بنا سکتے ہیں اور concerned stake holdersتک یہ بات ہم پہنچائیں اور انہیں influenceاور pressurizeکرسکیں۔

**جناب سپیکر:** کمیٹی جو آپ suggestکر رہے ہیں۔

**جناب محمد رفیق وسان** (وزیر برائے قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): ایک کمیٹی ہو اور ہم press releaseبھی جاری کرنا چاہ رہے ہیں اور جو different English Newspapers ہیں یا جو regional Newspapersہیں ان میں بھی کالم یا آرٹیکلز یا نیوز آئٹم چھپانے کے لئے کوشش کریں گے تاکہ یہ issueزیادہ سے زیادہ highlightہو اور اس کا attentionزیادہ ہو۔

**جناب سپیکر:** اسی Issueپر آپ House Committeeبنانا چاہتے ہیں۔

**جناب محمد رفیق وسان** ( وزیر برائے قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): جی، جناب۔

**ایک معزز رکن:** جناب سپیکر! جن خواتین کو زندہ دفن کیا گیا ہے اس میں حکومتی پارٹی کا ایک وزیر ملوث ہے۔ جو حکومتی پارٹی مرکز میں ہے وہ اوپر سے لے کر نیچے تک اس وزیر کو بچا رہی ہے۔ تو حکومت بتائے کہ وہ ایسا کیوں کر رہی ہے اور اس سلسلے میں اس نے کیا اقدامات کئے ہیں؟

**جناب سپیکر:** جی، جناب۔

**ایک معزز وزیر:** جناب سپیکر! پہلے تو میں کہوں گا کہ ہمارے اپوزیشن کے بھائی جان بوجھ کر ایسے الفاظ استعمال کر رہے ہیں جس سے وہ ایوان کو یا پورے ملک کو بھڑکانا چاہتے ہیں۔ اب یہاں پر انہوں نے لکھا ہےburnt aliveمیرے خیال میں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ جو ڈاکٹرز کی پوسٹ مارٹم کی رپورٹ آ چکی ہے اس میں کہا ہے کہ they were not buried aliveان کی deathہو چکی تھی۔

(مداخلت)

**جناب سپیکر:** جی۔

**A Honourable Member:** Honourable Speaker, I would want to get the Parliament attention here please.

Actuallyہمارا pointیہ نہیں ہے کہ ان کا mode of deathکیا تھا۔ ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ کیا brutalityہوئی ہے ان کے ساتھ۔

How they were killed? And it was inhuman and we should all respect that. We should all consider how they were murdered and we should look at the brutal aspect of it rather than fighting over the fact that how they died. And apart from that such things have been a part of our society and that is the reason that

ان کے نام دے دیے گئے ہیں۔ جیسے کاروکاری وغیرہ۔ ان کو نام دے دیے گئے ہیں اور قبائلی روایات کے مطابق ان کو projectکیا جا رہا ہے۔ کوئی اس کی مذمت نہیں کرتا کیونکہ ان کو قبائلی روایات کہا جاتا ہے۔

This is a failure of Government, this is a flan of people.

تو اگر سب کے اندر یہ senseآئے گی ۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

Because I am sure real Parliament

میں بھی کچھ ایسے ہی صورتحال ہوتی ہوگی کہ اگر اس طرح کا کوئی inhuman مسئلہ آ جاتا ہوگا تو وہ اسی طرح ایک دوسرے کو opposeکرنے کے لئے کوئی نہ کوئی pointدیتے ہوں گے

just to pinch each other. By this not case, because this is a matter of life and death, and this is a really grave issue. I don't think we should take it to those angles and let us just find a solution out of this thing. Thank you.

**Mr. Speaker:** I think, it is much for the Calling Attention Notice. The Minister has already referred it to the Committee of your own Ministry.

آپ کی اپنی کمیٹی ہوگی۔ اس میں آپ اس پر debateکریں اور رپورٹ پیش کریں۔

**ایک معزز رکن:** جناب سپیکر! آخری بات کہنا چاہوں گا کہ یہ واقعہ صرف ایک واقعہ نہیں ہے۔ یہ بلوچستان کو پچھلے 60سالوں سے نظرانداز کرنے کا نتیجہ ہے کہ آپ نے بلوچستان کو تعلیم میں پسماندہ رکھا ہے، آپ نے developmentمیں پسماندہ رکھا ہے۔ آپ نے کبھی ان کے کسی حق کو تسلیم ہی نہیں کیا۔ آپ نے کبھی بلوچستان کے عوام کو انسان ہی نہیں سمجھا۔ جب آپ پچھلے 60سالوں سے اتنی زیادتیاں کرتے آئے ہیں۔ میرے بھائیوں نے پچھلے تقریروں میں کہا تھا کہ آپ بلوچستان کا گیس اور تیل استعمال کرتے رہے ہیں۔ ان کے resourcesتو لیتے رہے ہیں لیکن-----

**جناب سپیکر:** ایک منٹ۔ مجھے چونکہ آپ کے نام پورے یاد نہیں ہے۔ تو رپورٹنگ میں ذرا مشکل ہو رہی ہے۔ Kindlyجب آپ بولیں تو اپنا نام لے کر بولیں تاکہ ان کو رپورٹ کرنے میں آسانی ہو۔

**جناب عبداللہ زیدی:** وہ جو پیچھے بیٹھتے ہیں وہ بولتے ہیں کہ homework کرکے نہیں آئے پھر وہ بحث کو divertکرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ناں کہ a camel is horse made by a committee احمد جاوید نے جو بات کہہ دی۔

انہوں نے کہا تھا کہ حکومتی جو سینیٹرز ہیں اس پر ہمیں commentsچاہیے۔ پھر ایک نے acknowledgeکیا ہے کہ گورنمنٹ کی غلطی ہے، ایک بولتا ہےکہ homeworkنہیں کر کے آئے ہیں۔ پھر وہ divertکرتے ہیں اور نازیبا الفاظ کی بات کرتے ہیں۔ کونسے نازیبا الفاظ ہم نے استعمال کئے ہیں۔

**جناب سپیکر:** نہیں، کوئی نا زیبا الفاظ استعمال نہیں ہوئے ہیں۔ نا زیبا الفاظ اگر استعمال ہوتے تو وہ ہم حذف کر لیتے۔ صرف یہ ہے کہ اب اس پر بات ہو گئی ہے اور یہ آپ کی اپنی کمیٹی میں جو Human Rightsکی ہے اس میں آپ debateکر لیں اور پھر ایک رپورٹ بناکر پیش کریں۔ حالت تو یہ خراب ہے۔ جی جناب۔

**جناب ضمیر احمد ملک** (وزیر برائے تعلیم): میرا خیال ہے کہ یہ جو واقعہ اور اس طرح کے بے شمار واقعات بلوچستان میں پیش آتے رہتے ہیں۔

**جناب سپیکر:** بلوچستان میں نہیں پورے ملک میں پیش آرہے ہیں۔

**جناب ضمیر احمد ملک** (وزیر برائے تعلیم): جناب! یقیناً لیکن میرے کہنے کا مقصد یہی تھا کہ صرف بلوچستان کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے۔ حالانکہ بلوچستان میں میڈیا کی اتنی رسائی بھی نہیں ہے۔ یہ و اقعات پورے پاکستان میں ہو رہے ہیں۔ جیساکہ میرے بھائی نے کہا کہ اس میں ایک حکومتی سینیٹر involveہے۔ تو حکومت کے سینیٹر اگر involveہیں تو ہم اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ وہ سینیٹر Blue partyکے Ministerیا Parliamentarianنہیں ہےبلکہ پاکستان کی جو ruling Governmentہے اس کے عہدیدار ہیں۔ ہم ان کو defendنہیں کر رہے ہیں۔ ہم ان کی مذمت کر رہے ہیں اور میں یہی کہوں گا کہ یہ جو واقعات یہاں پر پیش آ رہے ہیں، میرا خیال ہے کہ اسلام آباد میں جو لوگ اتنے پیسے لگاتے ہیں اور functionsکرتے ہیں ان کو چاہیے کہ یہاں سے نکلے، سندھ اور بلوچستان میں جاکر وہاں پیسہ لگائیں اور وہاں لوگوں کو تعلیم دیں۔ ہمارے پاس بنیادی طور پر تعلیم کی کمی ہے۔ میں آپ کو بطور وزیر تعلیم یہاں یہ بتانا چاہوں گا کہ ہمیں ایک ایسی کمیٹی بنانی چاہیے جو NGOsکو جاکر ملے کہ بلوچستان اور سندھ کے لوگوں کو تعلیم چاہیے۔ ہمیں تعلیم کی ضرورت ہے۔ شکریہ۔

**جناب فرخ جدون:** جناب! انہوں نے کہا کہ Educationہونا چاہیے۔ اگر Blue partyاپنا manifestoدیکھیں تو ان کا education baseہی سیکولر ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سیکولر Education Baseہے آپ تو اخلاقیات کی تعلیم آپ دے نہیں سکتے اور یہ کام سارے اخلاقیات پر baseتھا۔ Thank you.

**جناب سپیکر:** ایجوکیشن کا کوئی مذہب نہیں ہے۔ نہ ایجوکیشن سیکولر ہے اور نہ ایجوکیشن مذہب ہے۔ اس کا کوئی مذہب نہیں ہے۔ Kindlyاس کو controversialنہ بنائیں۔ جی، آپ اپنا نام لیں گے۔

**جناب فواد ضیاء:** ایجوکیشن منسٹر صاحب بڑے محترم ہیں اور گورنمنٹ سے ان کا تعلق ہے۔ تو میرا خیال ہے کہ ان کے argumentsکو Supportدینا چاہوں گا کہ یہ جب بھی کوئی بیان دے تو جب علاقوں کی نشاندہی کریں تو باقی کے حصوں کا بھی خیال کریں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ خالی سندھ اور بلوچستان میں ایجوکیشن کا مسئلہ ہے بلکہ یہ مسئلہ N.W.F.P میں بھی ہے اور پنجاب کے گاؤں کے علاقے بھی اس میں شامل ہیں۔ یہ پورے پاکستان کا نام لیں۔

**جناب سپیکر:** یہ علاقائی نہیں ہے۔ Let's go further.اب دوسرا جو آپ کا Calling Attention Noticeہے فہد اقبال صاحب اور ایک Resolutionبھی ہے تو کیوں نہ ان کو mergeکریں۔ ایک motionبنا لیتے ہیں اور اس کے بعد کوئی resolutionبنانا ہے تو اس کو بنا لیں گے۔ Calling Attention Noticeتو Americanکا ہے۔ چلیں، اب فہد اقبال صاحب۔

**Mir Fahad Iqbal:** Mr. Speaker, I would like to draw the attention of the honourable Youth Prime Minister to the American

ground and aerial incursions into Pakistani territory and the inability of the Government of Pakistan to stop the same. Thank you, Mr. Speaker.

**جناب سپیکر:** جی .Prime Minister sahib

**جناب احمد علی بابر** (وزیر اعظم): جناب سپیکر! بہت شکریہ توجہ دلاؤ نوٹس کا۔ کل میں نے جو اپنی پہلی تقریر کی تھی تو میں نے بہت سی باتیں pending sessionکے لئے رکھی تھی۔ لیکن تب بھی میں نے اس بات کی پرزور الفاظ میں مذمت کی تھی کہ پاکستان میں بہت سے جرائم ہوتے ہیں اور یہاں پربہت سے مسائل ہیں لیکن اس سے زیادہ disgracefulاور dishonourableکوئی بات نہیں ہو سکتی کہ دوسرے ملک کی فوجیں آپ کی territorial boundariesکے اندر اتر کر آپ کے لوگوں کو مارے۔ تو میرا خیال ہے کہ جب یہ ہرکت ہوتی ہے تو اس سے نہ صرف پاکستان کی sovereigntyپر فرق آتا ہے بلکہ پاکستان کی جو ideological boundariesوہ بھی تباہ ہوتی ہیں۔ تو میں as a Prime Minister of the Youth Parliamentشدید اور سخت الفاظ میں اس کی مذمت کرتا ہوں اور ہم کوشش کریں گے کہ واقعہ کے خلاف جتنی کوشش کر سکیں، جتنا ہم میڈیا سے بات کر سکیں ہم ضرور کریں گے۔ میں ایک بار پھر اس واقعے کی شدید اور سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** جی۔

**جناب عبداللہ زیدی:** میں پہلے یہ بات کہہ دوں کہ جب میں آیا تھا کہ احمد بلال صاحب نے ہمارے inaugural Sessionمیں کہا تھا۔ Condemnتو ہم سب ہی کرتے ہیں۔ اب آگے بڑھتے ہیں .pleaseاب آگے بڑھتے ہیں۔ سب condemnکرتے ہیں، solutionsبتائیں۔Condemnationکی بڑی اچھی اردو ہمیں بھی آتی ہے اور انہی بھی آتی ہے۔ Pleaseآگے بڑھتے ہیں۔ ہر معاملے پر یہ کہتے ہیں کہ ہم condemnکرتے ہیں۔ اپنا standبتائیں کہ کس جگہ پر آپ کھڑے ہیں۔

**Mr. Speaker:** There are so many points of order. Yes, please.

**جناب احمد نور وزیر:** جناب سپیکر! میں اپوزیشن کا نہایت مشکور ہوں اور جس نے اس pointکو اٹھایا ہے۔ میں گورنمنٹ پارٹی میں ہوں لیکن جس چیز پر میں سمجھتا ہوں کہ بولنا چاہیے تو چاہے وہ اپوزیشن نے کیوں پیش نہ کیا ہو، اس لئے میں اس کی حمایت کر رہا ہوں۔ Practical stepsکی بات کر رہے ہیں۔ میں اس پر یقین رکھتا ہوں کہ صرف resolutions and speechesسے مسئلے ہم حل نہیں کر سکتے۔ ہمیں کچھ real stepsلینے چاہیے۔ جناب سپیکر! جرمنی کے unificationکے مسئلے پر1815سے 1861کافی سارے resolutionsپاس ہوئے تھے، لیکن کوئی مسئلہ حل نہیں ہو رہا تھا تو اسی time Bismarckجب آیا تو اس نے ایک عجیب statementدی۔ انہوں نے کہا کہ the great question of the day can't solve by the speeches and resolutions but it needs blood and iron. جناب سپیکر! ہم اس stageپر نہیں ہیں۔ Bismarckنے blood and iron policyسے جرمنی کے تمام مسائل حل کئے اور ان کو unifyکیا لیکن آج ہم کچھ مجبوریوں کی وجہ سے اس stageپر نہیں ہیں کہ ہم blood and iron policyکو applyکریں کیونکہ ہم نے 60سالوں سے اس ملک کو اپنے کرتوتوں سے بہت کمزور کیا ہوا ہے۔ ہم اس stageپر نہیں ہیں کہ ہم direct confrontationبھیج سکے۔ اس کے لئے میں یہ suggestionپیش کروں گا اپنی گورنمنٹ کو کہ ہم دوسرے طریقے سے اس مسئلہ کو حل کریں۔ اس کے لئے ہماری territoryکے ذریعے امریکہ کو جو logistic support 80%جا رہا ہے اس کو baneکیا جائے۔ ہم اس issueکو UN کے platformپر اٹھایا جائے کیونکہ یہ constant intervention of Pakistani territory and attacks. یہ international treatyکی خلاف ورزی ہے، International Lawکی خلاف ورزی ہے اور UN Charterکی خلاف ورزی ہے۔ ہم اس مسئلے کو وہاں پر اٹھائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جو ہمارے Defence Ministerہیں، یہ میری اپنی personal suggestionsہیں کہ وہ ایک Nuclear stateکا Defence Ministerہوکر اس طرح statementدے رہے ہیں جس سے قبائلیوں کو بہت دکھ ہوا ہے۔ 6ستمبر کو جب attackہوا، اندر داخل ہوئے اور معصوم لوگوں کو قتل کیا گیا تو اسی ٹائم رپورٹر کو وہ بیان دے رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ ضرور وہاں کوئی ہوگا۔ جناب سپیکر! جہاں پر attackہوا ہے وہ جگہ 200میٹر کے فاصلے پر پاکستانی چوکی سے ہے۔ وہ فوجی وہاں پر دیکھ رہے تھے کہ

American Attackکر رہے ہیں اور لوگوں کو مار رہے ہیں۔ اس timeہمارے Defence Ministerکہہ رہے تھے کہ ضرور وہاں پر کوئی ہوگا۔ جناب سپیکر! جو high value targetلوگ ہیں وہ اتنے پاگل نہیں ہیں کہ وہ پاکستانی فوج سے 200میٹر کے فاصلے پر اور 400میٹر کے فاصلے پر امریکن فوج سے دور بیٹھ کر وہاں پر ان کے لئے انتظار کر رہے ہوں۔ انہوں نے قبائلیوں کو بہت دکھ دیا ہے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب سپیکر! اس کے ساتھ ساتھ ہم گورنمنٹ سے یہ suggestکریں گے اور امید کریں گے کہ مشرف کے 8سالہ دور کے جتنے بھی پالیسیاں ہیں اور جتنے بھی معاہدے اس نے کئے ہیں وہ قوم کے سامنے لائے جائیں کیونکہ ہمیں good governanceپر یقین رکھنا چاہیے۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ یہاں پر ہر چیز transparentہو، جو معاہدے کئے گئے ہیں وہ سامنے لائے جائیں۔ جناب سپیکر! اس کے ساتھ ساتھ recentlyہمارے گیلانی صاحب کا جو امریکہ کا visitہوا، وہاں پر بش کے ساتھ انہوں نے کیا کیا ہے اور کونسے معاہدے کئے ہیں؟ وہ قوم کے سامنے لائے جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے جنرل اشفاق کیانی صاحب نے جو ایک امریکی بیڑے پر امریکن جنرل کے ساتھ میٹنگ کی ہے اس میں کیا کیا ہوا ہے؟ اس کے بعد ہم پر attackبہت زیادہ ہوئے ہیں۔ صرف ایک مہینے میں ایک درجن کے قریب attackہوئے ہیں جس میں معصوم لوگوں کو قتل کیا گیا ہے۔ اس میں کوئی high value targetبندہ نہیں تھا۔ اس لئے میں requestکرتا ہوں گورنمنٹ سے کہ وہ ان issuesکو realistic bases پر redressکرے کیونکہ یہ ہمارے ملک کی sovereigntyکی خلاف ورزی ہے۔ یہ ہمارے ملک کی مستقبل کے لئے ٹھیک نہیں ہے۔

**جناب سپیکر:** نور صاحب آپ کا اب ٹائم ختم ہو گیا ہے۔

**Miss Saadia Waqar-un-Nisa:** Thank you Mr. Speaker, I will just like to continue to the allegation brought forward by the respective member of the Opposition. Just in continuation of the allegation that this condemnation by the Prime Minister holds no value. I just want to add to that point that a

condemnation brought forward by the Prime Minister of the State of Pakistan, of course, is different from the condemnation brought forward by anyone, you know, know nothing and this condemnation is not only brought forward within the House but this condemnation has been brought forward in front of the international community and of course, when something has been brought forward by the Prime Minister of a State, it holds much more value than is expected here in the House. So, I just want to request the venerable Opposition members to pay attention to these condemnations in future. I think, to the point that my dear fellow government members Youth Parliament have discussed that these attacks of the American government instead of those discussions that have been going on with our Prime Minister despite all those promises made by the Prime Minister are in fact condemnable and we as members of the government here are continuously condemning and I would definitely say that the dialogue is the best solution to all those discussions going on at the moment. I don’t think that any single problem on earth cannot be solved with the part of dialogue. Thank you.

**Mr. Speaker:** Mr. Abdullah Khan Leghari, are you on a point of order?

**Mr. Abdullah Khan Leghari:** I am on the same issue.

۳ ستمبر کو ground forces بھی پاکستان کے اندر land کرتی ہیں

the American forces come inside Pakistan territory and they kill 57 people and they go back and all we

have from the Prime Minister and supposedly the Prime Minister of this Government as well as we condemn it. How it is Mr. Speaker that everybody is actually against this act but the point is that we as the Opposition demand a policy framework. We need a yardstick as to where do we draw a line as with the cooperation with the United States because according to their manifesto if I go back in the Blue Party's manifesto, they are looking for an extended cooperation with the United States, we want to know as to how far they want to go and extending the cooperation. What is their policy framework on this because this is not such a small issue? Your Parliament has been rampage everyday and day and day out. They pass resolutions and on the very same day American forces turned back and in Meeran Shah as well and then they bombed and attacked through missiles and with various weapons. We want a policy framework from this Government because all we need today is that we need to act as one unit on this. So, we as the Opposition demand a real clear and effective solution to this and not just condemning the act will do it and we need the measures to be taken as to where do we want to go as far as the cooperation is extended as to where we want to draw a line with the relationship as far as the United States goes and we need to really not condemn again and again because this act has already been done, we need to take effective measures. Thank you very much.

**جناب سپیکر:** جناب نشاط کاظمی صاحب۔

**جناب ایس ایم نشاط الحسن کاظمی :** بہت شکریہ

جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں احمد نور صاحب جو کہ

جو گا کروں fully support ان کو ہیں ممبر ruling party کے
ideas انہوں نے about reconsideration of our ہیں
چاہوں relationship with the United States. میں یہ کہنا
گا کہ ابھی حال ہی میں دو دن پہلے US Congress میں
Senate Committee for Defence کی meeting ہوئی جس میں
Secretary of State Robert Gates نے testimony دی ہے، جس
میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستانی ground forces do not
attack and we have credible evidence, we will اس کا کیا
مطلب ہے کہ کیا پاکستانی افواج اپنی سرحدوں کی حفاظت نہیں
کر پائیں گی۔ کیا ہمارے وزراء اور وزیر اعظم صاحب بجائے
اس کے کہ اب وہ اپنے relationships کو reconsider کریں اور
جو ہمارے زیادتی ہو رہی ہے اس کی بجائے وہ further
enhance کرنے کی باتیں کرتے ہیں، اپنے manifesto کے اندر
relationship میں تو ہم یہ کہنا چاہیں گے کہ اسے
reconsider کرنے کی ضرورت ہے اور ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے
کہ ہمیں جو non-allied NATO کا جو status دیا گیا ہے ، اس
کے باوجود بھی اگر ہمارے ساتھ اس طرح کی زیادتیاں ہو
رہی ہے تو اس سے ہمارا عالمی وقار اور عزت مجروح ہو رہی ہے۔
بہت شکریہ۔

**جناب سپیکر:** جناب محسن سعید صاحب۔

**جناب محسن سعید:** میں وزیر خارجہ صاحب کی توجہ
میں اس طرف مبذول کرانا پسند کروں گا کہ پاکستان دہشتگردی
کے خلاف جنگ میں امریکہ کا front line اتحادی ہے اور اس
کے تقریباً گیارہ سو سے زیادہ افسران اور نوجوان شہید ہو
چکے ہیں ۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ہماری خارجہ پالیسی کی
سب سے بڑی یہ ناکامی ہے کہ امریکہ نیوکلیئر کا معاہدہ
بھارت سے کر رہا ہے ، اس کے باوجود کہ ہماری دہشتگردی کے
خلاف جنگ میں حصہ لینے کی اتنی بڑی قربانی ہے۔ بھارت کو
وہ تمام مراعات مل رہی ہیں۔ میں یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ اتنی

ہماری اتنی زیادہ قربانیوں کے باوجود بھی ہمیں توجہ نہیں دی جا رہی جب کہ ہمیں انرجی کی بھی ضرورت ہے، اس قسم کا معاہدہ ہمارے ساتھ بھی ہونا چاہیے۔ ہم بھی اس کےحقدار ہیں۔ اس کے بارے میں ان کے پاس کیا commentsہیں ؟

**جناب سپیکر:** جناب انصار حسین صاحب۔

**جناب انصار حسین:** جیسے یہ کہہ رہے تو اگر یہ کوئیeffective and solid policyلائیں تو میں اس پر کرناcomment چاہتا ہوں۔ جناب افغانستان میں جو نیٹو کی فورسز ہیں ان کو راشن viaپاکستان جاتا ہے۔ پاکستانی حکومت ان کو راشن بھیجتی ہے ۔ اگر مستقتبل میں پاکستان کیsovereignty کو challengeکیا جائے یا ایسے attacksکو روکنے کے لیے میں یہ تجویز دیتا ہوں کہ ہم امریکن گورنمنٹ کے ساتھ ، یہ بجا فرماتے ہیں میں ان کی یہ بات مانتا ہوں کہ ہماری پالیسی proactiveہونی چاہیے جیسا وہ کریں ہمیں بھی کوئی show retaliationکرنا چاہیے تاکہ ہماری sovereigntyبھی بچے اور اس قسم کے attacksبھی نہ ہوں۔ Secondly I proposeکہ ہمارے ہاں سے جو امریکن آرمی کوسارا راشن افغانستان جاتا ہے ہم اس کو روک دیں۔ ہم ان کو اس قسم کے threatsدیں گے تو in the coming future انشاء اللہ they will also consider their every act before doing anything.

**جناب سپیکر:** شکریہ ۔ جناب شیر افگن صاحب۔

**جناب شیر افگن:** شکریہ جناب سپیکر۔ حکومتی ممبران نے بہت ہی جذباتی comments اس topicکے اوپر دیے ہیں اور کہا گیا کہ بہت ساری سپلائی اور لاجسٹک سپورٹ پاکستان سے وہاں جاتی ہے۔ میرے خیال میں یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ کس basisپر جاتی ہے ۔ اس گورنمنٹ نے contractکو followکیا

جو اس گورنمنٹ نے کیا تھا کہ billion of dollars for service provided اس گورنمنٹ کو دیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے پیسے لے لیے جس کی وجہ سے لاجسٹک سپورٹ جاری ہے۔ میرے خیال میں یہ جذباتی بیان ہے کہ یہ کہتے ہیں کہ logistical support بند کر دیں گے ۔ میرے خیال میں پہلا step یہ ہونا چاہیے کہ جو billion of dollars of aid لی گئی ہے اس کو واپس کیا جائے۔ Practical step تو یہ ہے کہ پہلے aid واپس کی جائے پھر logistical support بند کی جائے۔اس کے علاوہ یہ جو meetings کر رہے ہیں ان کے heads of state کے ساتھ جیسے رابرٹ گیٹس کے ساتھ اور نیٹو فورسز کے Chief of Staff آئے ہوئے تھے۔ یہ کیا باتیں کر رہے ہیں کہ وہ ان کو assurance دیتے ہیں کہ آئندہ یہ attacks پاکستان پر نہیں ہوں گے، ہر اگلے تین گھنٹے کے بعد پاکستان پر attack ہو جاتا ہے۔ میرے خیال میں ان کو فورا ایک ایسی resolution پاس کرنی چاہیے جس کی رو سے وہ billion of dollars جو اس گورنمنٹ کو aid ملے ہیں وہ پہلے واپس کیے جائیں۔ ہمارا پہلا step یہ ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر:** جی ہرا بتول صاحبہ۔

**Miss Hira Batool Rizvi:** Sir, I would just like to make a comment here, the problem with our country is that the Army is not working with the present government. I am talking about ours sitting here because we don’t hold any position whatsoever to say anything but what I have seen in the past few days is that the government is not working with the Army because the Army deals with all the defence staff, Army is saying that they are capable and they are looking forward if there is any attack and they would be able to resist it but our current Prime Minister has negated this and he has said that we would try to

solve it through dialogue. The worst part is one country is attacking us and we are going to the same country in order to dialogue. I think, we are hampering our sovereignty ourselves, that is it. As Pakistani we should like self-esteem. Thank you.

**Mr. Speaker:** Umair Zafar Malik.

**Mr. Umair Zafar Malik:** Sir, in the last five minutes the rift between the government sides itself has been exposed more than that between the Army and the current government. Sir, the issue required the Foreign Affairs and Defence Minister of the government to speak up but so far he has been silent. I don't know he is doing what. And about what the three members have so far spoken I would like to comment upon that too. Two of them have talked about cutting the supply lines. Since it has not come from the Foreign Affairs and Defence Minister I don't know whether we should take it as the policy of the government or not but if this is a policy, I hope they have the arguments to defend it because it can have its repercussions and its amplifications as our worthy members pointed out that we are indebted to the US and we have already taken billions of dollar and the first honourable step should be to return those aids, then cut supply line if we have the moral courage to do that.

Then one of the members Mr. Ahmed Noor talked of the power of iron and blood and denied the role of condemnations. He said that condemnations would do nothing. The very next moment, Hira Batool said, she really valued the condemnation and she said that the condemnation from this forum would have its words. So,

there is a complete shift of stance within a couple minutes. This we would not allow. We need a clear cut stance from the government and whatever stance has come up with be it raising it on the UN or other fora or cutting the supply lines we need a solid stance from the Foreign Affairs and Defence Minister and we hope they will be able to defend it before the House through arguments and not through rhetoric. Thank you.

**Mr. Speaker:** Samir Anwar will be last speaker. Now Fawad Zia.

**جناب فواد ضیاء:** میں کچھ suggestionsدینا چاہوں گا کیوں کہ ٹائم کم ہے تاکہ باقی ممبران کو بھی موقع ملے۔ میں چاہوں گا کہ جو گورنمنٹ پالیسی formulateکرے تو اس کے اندر خصوصی طور پر جو اب تک ایڈ لی گئی ہے اس کا ذکر کیا جائے۔ جیسے کہ میرےبھائی نے فرمایا کہ اس کو moral and ethical valuesکی بنیاد پر واپس کیا جائے ۔ جب امریکہ افغانستان پر pre-emptive strikesکر رہا تھا تو اس کے ساتھ وہ ان کو کھانے کی چیزیں بھی پھینک رہا تھا تو کیا وہ ایڈ آرمی کے لیے دی گئی ہے کہ ان کو مار کر ان کی سپورٹ کے لیے دی گئی ہے۔ اگر ایڈ دی گئی ہے تو پھر جو ہمارے tribal areasکے جو ہمارے بھائی بہن جو بے گھر ہوئے ہیں اور جن کی سپورٹ کے لیے آج کیمپس لگے ہوئے ہیں تو وہاں پر پھر حکومت سول سوسائٹی سے کس لیے پیسے مانگ رہی ہے۔ آپ لوگ اپنی پالیسی میں اس چیز کو بھی لے آئیں۔ اب بات یہ کہ امریکہ ہمارے اوپر سے ہاتھ اٹھالے گا یہ EUہمارے اوپر سے ہاتھ اٹھا لے گی اور ہمارا survivalمشکل ہو جائے گا تو میرا خیال ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ جیسا کہ ایس ایم ظفر صاحب کی تقریر میں بھی یہ بات واضح ہوئی تھی کہ honour اور war میں آپ کو honour chooseکرنا ہے لیکن اگر آپ choose dishonour کریں گے تو

war آپ پر خود بخود impose ہو جائے گی اور دنیا میں ایسی مثالیں موجود ہیں جیسے کہ کیوبا ہے ، ایران کی مثال ہے، even کہ نارتھ کوریا نے جب اپنے نیوکلیئر پروگرام کے لیے اپنے کیمرے پھینک دیے تھے اس پر کونسی strike ہوئی ۔ مزید یہ کہ پاکستان کے اوپر جب انڈیا نے دھماکے کیے تھے پھر پاکستان نے بھی ان کے جواب میں دھماکے کیے تو اس کے بعد بھی تو ہماری ایڈ بند ہوئی تھی لیکن ہم لوگوں نے survive کیا تھا ۔ برائے مہربانی یہ سب چیزیں آپ لوگ مدنظر رکھ کر جو بھی پالیسی formulate کریں تو ایک politics کو چھوڑ دیں کیونکہ sacrifice کی sacrifice کی politics پر پاکستانی تنگ آ گئے ہیں، کبھی ایک سے ڈرنا کبھی دوسرے سے ڈرنا۔ برائے مہربانی اس پالیسی میں غیرت کا عنصر ضرور شامل کریں۔

**جناب سپیکر:** شکریہ ۔ جناب محمد سدن ناصر۔

**جناب محمد سدن ناصر:** شکریہ جناب سپیکر۔ بہت بات کی جاتی ہے کہ جب امریکہ پاکستان کے بارڈرز کو کراس کرتا ہے لیکن unfortunately اپوزیشن کی طرف سے اور گورنمنٹ کی طرف سے کبھی بھی یہ ڈیمانڈ نہیں کی جاتی کہ اب clear objective کریں کہ ہم یو ایس سے ایڈ کیوں ریسیو کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جہاں تک یو ایس کے ساتھ نیوکلیئر ڈیل کا تعلق ہے تو ہمیں پتا ہونا چاہیے کہ یو ایس کے ساتھ ہمارے relations ہیں اور ہم اس وقت اس temptation کو resist نہیں کر سکتے کہ ہم ان سے یو ایس ایڈ نہ لیں کیوں کہ اس وقت آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارے پاس انرجی crisis ہے ، ہماری اکانومی برے حالات سے گز ر رہی ہے ۔ جہاں تک مثال دی گئی کہ جب نیوکلیئر ٹیسٹ کیا گیا تو تب بھی ہم survive کر گئے لیکن آپ دیکھ سکتے ہیں کہ نیوکلیئر ٹیسٹ کے بعد ہماری اکانومی کا کیا حال ہوا تھا اور ہم کس جگہ پر پہنچ گئے تھے۔ لہذا اس کو بہتر بنانے

کے لیے ہی یو ایس اے سے دوبارہ ہم لوگوں نے رابطے شروع کیے۔ ہماری international understanding دوبارہ develop ہونا شروع ہوئی اسی وجہ سے کہ ہم لوگوں نے war on terror پر cooperation شروع کر دیا۔ Otherwise it would have been very difficult for us to survive کیونکہ ہماری اکانومی بہت برے حالات سے گزر رہی تھی after nuclear test. اس کے علاوہ گرانٹ کی example دی جاتی ہے اور غیرت کی بات کی جاتی ہے تو اس بارے میں ایران کی مثال بہت irrelevant ہے کیونکہ ایران کے پاس ایک بہت بڑی پاور آئل کی شکل میں ہے۔ پاکستان کے پاس وہ پاور نہیں ہے۔ ہماری پاور ہماری geo-political situation ہے اور ہمیں اسی پر capitalize کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر :** جناب رحیم بخش کھتران صاحب۔

**جناب رحیم بخش کھتران:** جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو میں اپنے دوست سدن ناصرصاحب سے کہوں گا اور ان کو ایک امریکی سینیٹر کا ایک سٹیٹمنٹ یاد دلاوں گا اور انہوں نے کہا تھا کہ آپ پاکستانیوں کو پیسے دیں تو ، معذرت کے ساتھ، وہ اپنی ماں بھی بیچ دیں گے۔ جناب! یہ ہماری dignity and honour ہے۔ جناب والا! یہ ٹائم نہیں ہے کہ امریکن condemn کریں بلکہ ہمیں امریکہ کے ساتھ relations کو condemn کرنا پڑے گا۔ اگر ہمیں اس دنیا میں، اس گلوبل ورلڈ میں عزت کے ساتھ رہنا ہے ، dignity کے ساتھ رہنا ہے اور میرے بھائی نے صحیح کہا ہے کہ سب سے پہلے ہمیں ان کی aid واپس کرنی پڑے گی۔ ہمیں ان کے ڈالرز واپس کرنے پڑیں گے۔ اگر ہم اپنے فوجیوں کے سر کی قیمت لیتے رہیں گے ، ان کی شہادت کی قیمت لیتے رہیں گے ، اگر ہم اپنے قبائلی بھائیوں کی شہادت کی قیمت لیتے رہیں گے ، جتنے بندے روزانہ مارے جاتے ہیں، ان کا ٹوٹل ہوتا ہے

اور شام کو ان سے پیسے لے لیتے ہیں تو ہم کبھی بھی عزت سے نہیں جی سکیں گے۔اب یہ وقت ہے کہ ہم نے آستین کے سانپ پالے ہوئے ہیں تو ہمیں ان سانپوں کو کچلنا پڑے گا، کم از کم ہم ان کو پھینک تو سکتے ہیں۔ شکریہ ۔

**جناب سپیکر:** جی یاور حیات شاہ صاحب۔

**جناب یاور حیات شاہ :** جناب سپیکر! ہم ان معاملات کو اور یہ جو امریکہ کے حملے پاکستان کی سر زمین پرہوئے ہیں اس کی پر زور مذمت کرتے ہیں اور جیسا کہ اپوزیشن کے ایک صاحب نے فرمایا کہ اس پر کوئی عملی کارروائی کی جائے تو ہم talk show conduct کرنے والے ہیں ، جس میں حکومتی ارکان ، اپوزیشن کے ارکان اور پاکستان کی پوری پارلیمان کے ارکان کو مدعو کیا جائے گا تاکہ ایک واضح پالیسی وضع کی جا سکے اور میرے ایک دوست نے یہاں فرمایا ہے کہ aid واپس کر دی جائےیہ کوئی practical approach نہیں ہے، پاور پالیٹکس میں یا انٹر نیشنل ریلیشنز میں کہ aid جو ہم کھا چکے ہیں وہ واپس کی جائے ۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم روزانہ معاشی بدحالی اور ابتری کا رونا روتے ہیں اور اوپر سے پھر آنکھیں بھی دیکھاتے ہیں۔ جن قوموں نے امریکہ کے سامنے سٹینڈ لیا ہے پھر وہ رونا نہیں روتے کہ ہمارے پیٹ بھوکے ہیں، ہم بھوکے ننگے ہیں ۔ اگر ایران کو دیکھیں تو پھر انہوں نے یہ کبھی تقاضا نہیں کیا کہ ہمیں ایڈز کی ضرورت ہے یا ہم معاشی طور پر ابتری کا شکار ہیں۔ میں یہاں یہ کہنا چاہوں گا کہ amicably settlement of disputeایک approachہے وہ بھی اپنائی جا سکتی ہے، ہم اس وقت جس طرح کچھ ارکان اپوزیشن جنگ کی سپورٹ کرنے کے حق میں ہے ، جیسا کہ وہ ایوان کے اندر جنگ چاہتے ہیں ، اسی طرح وہ چاہتے ہیں کہ بارڈرز پر

پاکستان ایک جنگ لاگو کر دے، جنگ لاگو کرنا ایک بہت بڑا stepہے اور اس کے لیے قوم کامتحد ہونا ۔

**جناب سپیکر:** یہ میرے خیال میں Defence Minister concludeکریں گے ، آپ تشریف رکھیں۔ جی نیاز محمد صاحب۔

**جناب نیاز محمد:** جناب سپیکر! پشتو میں ایک کہاوت ہے کہ ہرنی کے بچے نے ہرنی سے پوچھا کہ ہمارے اتنے بڑے بڑے سینگ ہیں ، ہم شیر اور گیدڑ جیسے چھوٹے جانوروں کا مقابلہ کیوں نہیں کر سکتے تو اس نے کہا کہ جب دل ہی ساتھ نہ دے تو ہم کیا مقابلہ کریں گے ۔ یہاں ہمارا دل ہمارا ساتھ نہیں دے رہا۔ میں یہ کہنا چاہتا کہ آپ عملی قدم اٹھائیں ، مذاکرات سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ آپ امریکی سفارت خانے کو بند کر دیں، امریکی سفیر کو یہاں سے نکال دیں تو یہ مسئلہ خود بخود حل ہو جائے گا۔ غالب کا ایک شعر ہے۔

درد منت کش دوا نہ ہوا میں نہ اچھا ہوا ، برا نہ ہوا

ہمیں اپنے آپ پر چھوڑ دیا جائے

**جناب سپیکر:** محترمہ گل بانو صاحبہ۔

**مس گل بانو :** پہلے تو میں ایک سوال ہی پوچھنا چاہوں گی کہ میرے بھائی بلوچستان سائیڈ سے ہیں ، ان کا بڑا اچھا کہنا تھا کہ نیوکلیئر ٹیسٹنگ کے بعد ہمارے financial problems ایسے ہو گئے تھے کہ ہم نے بغیر سوچے سمجھے war against terrorism میں participateکرنا پڑا ۔ بڑی ایک عجیب سے بات ہے ، مطلب جب بھی ہمیں financial problems ہوں گے ہم بغیر سوچے سمجھے terrorismکی war میں داخل ہو جائیں گے اور اپنے لیے اور مسائل پیدا کر لیں

گے۔ ویسے جو قومیں mineral water تک امپورٹ کرتی ہیں وہ condemn کرنے کے علاوہ اور کیا کر سکتی ہیں۔ جن قوموں کو آج تک اپنے وسائل کے اوپر ہی اعتماد نہیں ہو ا ہے ان قوموں سے ہم condemn کرنے کے علاوہ اور کس چیز کو expect کر سکتے ہیں۔ ایکشن تو وہ لوگ کرتے ہیں جن کو اپنے اوپر اعتماد ہوتا ہے، اپنی قابلیت کے اوپر اعتماد ہوتا ہے، اپنے وسائل کے اوپر اعتماد ہوتا ہے۔ میرے خیال میں پیچھے جتنا بھی ہمارا عرصہ گزرا ہے ہم ہمیشہ یہی کہتے رہے ہیں کہ پچھلی گورنمنٹ کی کچھ ایسی policies تھیں کہ ہم کوئی ایکشن نہیں لے سکتے ہیں۔ ہمیں کچھ ٹائم چاہیے۔ پھر نئی حکومت آتی ہے یہی بات ہوتی ہے کہ ہمیں کچھ ٹائم چاہیے۔ اب بھی ہماری موجودہ حکومت کا کہنا یہی ہے کہ شاید ہمیں کچھ ٹائم چاہیئے ۔ کب تک ٹائم لیتے رہیں گے اور کب تک اور وسائل میں پھنستے رہیں گے۔ یقینا اس کا جواب آپ لوگوں کی طرف سے آئے گا، مجھے امید ہے۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر:** شکریہ ۔ جی دانش کمار۔

**جناب دانش کمار:** جناب! یہ مسئلہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے ، نہ کوئی بھی accept نہیں کرے گا کہ اس کی sovereignty کو کوئی ٹھیس پہنچایا جائے تو condemnation کی بات ہے کہ بھئی جیسا کہا گیا کہ ہمارے لیے mineral water تک import ہوتی ہے تو ہم condemnation سے زیادہ کیا کر سکتے ہیں۔ یہ بالکل صحیح بات ہے لیکن اس میں ایک بات یہ ہے کہ mineral water import کرتے ہیں تو آپ بھی پاکستانی ہیں، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ ہی صرف condemn کر سکتے ہیں ۔ صرف یہ نہیں کہ رولنگ پارٹی condemn کر رہی ہے تو mineral water import کریں تو ان میں تو آپ بھی آ رہے ہیں ۔ ہم دونوں ایک ہی ہیں ، پاکستانی ہیں ، میں نہیں کہہ رہا کہ Green Party or Blue Party تو condemnation کی بات ہے تو آپ ہمیں اس کا لائحہ عمل بتائیں اور آپ دونوں

بیٹھ کر بتائیں کہ اس کا کیا کرنا چاہیے۔ ہم صرف condemnation کر رہے ہیں ، اس کا پاکستان کی گورنمنٹ نے لکھ کر بھی بھیجا ہے اور protest کیا ہے ۔ As a Pakistani; Green Party, Blue Party دونوں کو آپ لکھ کر دیں اور بیٹھ کر ایک لائحہ عمل طے کر ان کو آگے کیا کرنا چاہیئے as a Pakistani نہ کہ اس کو political issues بنائیں کہ Green Party ہے یا Blue Party ہے تو پاکستانی ہونے کی حیثیت سے سب کو مل کر کام کرنا چاہیے۔شکریہ۔

**جناب سپیکر:** جناب زاہد وزیر صاحب۔

